19-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے تلنگانہ کو عالمی مسابقت کے مرکز میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

۲۔وزیرسیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ یاسنگی سیزن میں دھان کی خریداری میں شفافیت کو یقینی بنانے اور بدعنوانی کو روکنے کے لئے ایک مستحکم وکثیر سطحی نگرانی کا نظام نافذ کیا جائے گا۔

۳۔دبئی میں گزشتہ ہفتہ پاکستانی ساتھی کی جانب سے مبینہ طور پر ہلاک تلنگانہ کے دوافراد کی لاشیں آج ان کے آبائی مقام پر لائی گئی۔

اور

۴۔تلنگانہ انٹرمیڈیٹ بورڈ کی جانب سے نتائج منگل کو جاری کئے جائیں گے۔

REVANTH REDDY

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے تلنگانہ کو عالمی مسابقت کے مرکز میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔وزیراعلی جاپان کے دورہ پر سرمایہ کاری کے حصول کے لیے سرگرم ہیں۔ ہفتہ کو جاپان تلگو فیڈریشن کی جانب سے منعقدہ ایک پروگرام میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست کو عالمی سطح پر مسابقتی مرکز میں تبدیل کرنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا"ہم نے آئی ٹی اور فارما کے شعبوں میں نمایاں ترقی کی ہے،اب ہمارا ہدف ایک ڈرائی پورٹ قائم کرنا ہے تاکہ تجارت اور بنیادی ڈھانچے کو فروغ ملے۔" انہوں نے جاپان کے دارالحکومت ٹوکیو سے متاثر ہوکر پائیدار شہری ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے کہا"ہم نے ٹوکیو میں دریائی کنارے کی ترقی دیکھی۔ پانی محض ایک وسیلہ نہیں بلکہ ہماری ثقافت اور ترقی کی علامت ہے،"انہوں نے حیدرآباد میں موسی ندی کی صفائی کی ضرورت پر زور دیا۔وزیراعلیٰ نے ان عناصر پر تنقید کی جو موسی ندی کی صفائی میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔انہوں نے دہلی میں آلودگی کے سبب پیدا ہونے والی صورتحال کو پیش کیا۔ انہوں نے کہا"جب دہلی جیسا شہر آلودگی کی وجہ سے مفلوج ہوسکتا ہے،تو کیا ہمیں سبق نہیں سیکھنا چاہیے؟"انہوں نے موسی ندی کی صفائی، میٹرو ریل کی توسیع، ریجنل رنگ روڈ، اور ریڈیل روڈس کی ترقی کو تلنگانہ کی ترقی کے اہم نکات قرار دیا۔انہوں نے کہا "حکومت کا مقصد زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری حاصل کرنا،صنعتوں کو فروغ دینا، اور تلنگانہ میں روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔"

DIED

تلنگانہ کے ضلع سوریا پیٹ میں بی ٹیک کی ایک طالبہ نے کالج کی عمارت سے چھلانگ لگا کر خودکشی کر لی۔اس طالبہ کی شناخت منچریال ضلع سے تعلق رکھنے والی کرشنا وینی کے طور پر ہوئی ہے۔وہ اگادی کے موقع پر اپنے گھر گئی تھی اور بعدازاں اپنی ماں کے ساتھ دوبارہ کالج واپس ہوئی۔اطلاعات کے مطابق صبح کالج کی عمارت کی چھت سے چھلانگ لگا کر اس نے خودکشی کر لی۔

WEATHER

تلنگانہ میں آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران بعض مقامات پر گرج وچمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ اسی عرصہ کے دوران بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔آئندہ تین دنوں کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں امکان ہے کہ دو تا تین ڈگری کا اضافہ ہوگا۔جگتیال، میدک، حیدرآباد اور سدی پیٹ اضلاع میں بعض مقامات پر گذشتہ روز بارش کے دوران ژالہ باری ہوئی۔

PM CS DAY

وزیراعظم مودی نئی دہلی میں 17 ویں سیول سرویس ڈے کے موقع پر اس ماہ کی 21 تاریخ کو سیول سرونٹس سے خطاب کریں گے۔مودی، نظم ونسق میں نمایاں خدمات انجام دینے والوں کو وزیراعظم ایکسلنس ایوارڈ پیش کریں گے۔جاریہ سال 16 ایوارڈس مختلف زمروں میں دیئے جائیں گے۔

MUSK-PM-CALL

ٹیسلا کے سی ای او ایلون مسک نے کہا ہے کہ وہ جاریہ سال ہندوستان کا دورہ کریں گے۔وزیراعظم کے پوسٹ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے مسک نے کہا کہ مودی سے ملاقات ایک اعزاز ہے۔گذشتہ روز وزیراعظم مودی نے ایلون مسک سے بات کی تھی اور ٹکنالوجی وانوویشن کے شعبہ جات میں اشتراک پر تبادلہ خیال کیا تھا۔

LIVER DAY

دنیا بھر میں عالمی یوم جگر آج منایا جارہا ہے تاکہ جگر کے امراض کے بارے میں بیداری پیدا کی جاسکے اور تیل اور چکنائی والی غذاوں سے گریز کرتے ہوئے صحت مند طرز زندگی اختیار کرنے کیلئے عوام کی حوصلہ افزائی کی جاسکے اور جگر کے امراض کے بارے میں بیداری پیدا کی جاسکے۔عالمی تنظیم صحت کے مطابق جگر کے امراض ہندوستان میں موت کے لئے دس عام وجوہات ہیں۔ہیپاٹائٹس بی، سی اور ہیپاٹائٹو سیلولر، ناقص طرز زندگی بشمول زیادہ شراب، منشیات، غیر صحت مند غذاوں کے تسلسل، غیر متحرک طرز زندگی اور ورزش کی کمی سے پیدا ہوتے ہیں۔اس دن کو منانے کے لئے انسٹی ٹیوٹ آف لیور اینڈ بائلرس سائنس کی جانب سے ہیلتی لیور۔ہیلتی انڈیا ایونٹ کا نئی دہلی میں اہتمام کیا جارہا ہے۔

BRS

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راماراو نے حیدرآباد ادارہ جات مقامی انتخابات کے بائیکاٹ کرنے پارٹی کے فیصلہ کا اعلان کیا۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کے کونسلرس کو وہپ جاری کیا جائے گا اور انتباہ دیا جائے گا کہ اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے بی آر ایس کی سلور جوبلی تقاریب سے پہلے تلنگانہ بھون میں پارٹی کے منتخب نمائندوں اور لیڈروں کے ساتھ تیاری کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اشارہ دیا کہ ریاست میں ضمنی انتخابات ناگزیر ہوں گے۔انہوں نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ آنے والے چیالنجس کیلئے تیار رہیں۔

TS-INTER RESULTS:

تلنگانہ انٹرمیڈیٹ بورڈ نے نتائج جاری کرنے کی تاریخ کا اعلان کردیا ہے۔ریاست میں انٹرفرسٹ ایئر اور سیکنڈ ایئر کے امتحانات 5 مارچ سے 25 مارچ تک منعقد کیے گئے تھے،جن میں تقریباً 9,96,971 طلبہ نے شرکت کی تھی۔امتحان لکھنے والے طلبہ نتائج کے اعلان کا بے صبری سے انتظار کررہے ہیں۔اس دوران، انٹر امتحانی پرچوں کی جانچ کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔حکام کے مطابق جوابی پرچوں کی دوسری مرتبہ ویری فکیشن بھی مکمل کرلی گئی ہے اور مارکس کی کمپیوٹرائزیشن کا کام تقریباً ختم ہو چکا ہے۔اسی سلسلے میں تلنگانہ انٹرمیڈیٹ بورڈ نے انٹر کے نتائج کی تاریخ کا باضابطہ اعلان کردیا ہے۔اب انٹرمیڈیٹ کے نتائج 22 اپریل کو صبح 11 بجے جاری کئے جائیں گے۔یہ نتائج نامپلی میں واقع انٹرمیڈیٹ بورڈ کے دفتر میں ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکا کریں گے۔اس موقع پر انٹر بورڈ کے سکریٹری کرشنا آدتیہ اور کئی دیگر اعلیٰ عہدیدار بھی موجود رہیں گے۔

KILLED:

دبئی میں گزشتہ ہفتہ پاکستانی ساتھی کی جانب سے مبینہ طور پر ہلاک تلنگانہ کے دو افراد کی لاشیں آج ان کے آبائی مقام پر لائی گئی۔ یہ واقعہ گزشتہ ہفتہ پیش آیا۔امارات کی فلائٹس کے ذریعہ یہ لاشیں حیدرآباد لائی گئیں۔ریاست کے عہدیداروں کی موجودگی میں ان کے رشتہ داروں نے حیدرآباد میں یہ لاشیں حاصل کیں۔نرمل ضلع کے پریم ساگر اور جگتیال ضلع کے دھرماپوری منڈل سے تعلق رکھنے والے سرینواس کو گزشتہ ہفتہ دبئی میں کام کے مقام پر بیکری میں ان کے ساتھیوں نے ہلاک کردیا تھا۔ریاستی حکومت نے غمزدہ ارکان خاندان کے لئے پانچ لاکھ روپے معاوضہ کا اعلان کیا۔مقتول افراد کے ارکانِ خاندان میں سے ایک کو آؤٹ سورسنگ کی بنیاد پر ملازمت دی جائے گی۔

UTTAM:

وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ یاسنگی سیزن میں دھان کی خریداری میں شفافیت کو یقینی بنانے اور بدعنوانی کو روکنے کے لئے ایک مستحکم و کثیر سطحی نگرانی کا نظام نافذ کیا جائے گا۔ انہوں نے کلکٹرس سے کہا کہ وہ خریداری کے عمل کو زیادہ موثر طریقہ سے انجام دیں۔ حیدرآباد کے سیول سپلائز بھون سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ کلکٹرس سے خطاب کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے عہدیداروں کو غیر موسمی بارش کے سبب پیدا ہونے والی ہنگامی صورتحال پر چوکس رہنے اور جلد از جلد دھان کی خریداری کی ہدایت دی۔ انہوں نے خریداری کے مراکز پر زمینی سطحی کی نگرانی اور بنیادی ڈھانچہ کی تیاری پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ آن لائن پروکیورمنٹ مینجمنٹ سسٹم کا نظام، لین دین کی نگرانی، چاول کے کارخانوں کی تصدیق اور ادائیگیوں میں تیزی کے لئے کیا جارہا ہے۔ وزیر موصوف نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ وہ دھان کی صفائی اور اسے اچھی طرح خشک کر کے ہی ٹرانسپورٹ کریں۔ عہدیداروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ نمی کی مقدار کم کرنے کے لئے مزید ڈرائیرس خریدیں۔ اس موقع پر وزیر پنچایت راج سیتا اکا بھی موجود تھیں۔

PROTEST:

مسلم پرسنل لا بورڈ، کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے تعاون سے مجلس کے ہیڈکوارٹرس دارالسلام میں نئے سیاہ قانون کے خلاف آج شام احتجاجی جلسہ منعقد کررہا ہے۔ اپنے ویڈیو پیام میں صدر مجلس اسدالدین اویسی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ جلسہ کسی مخصوصی طبقہ کے خلاف نہیں ہے بلکہ پارلیمنٹ میں منظورہ وقف ترمیمی ایکٹ 2025ء کی مخالفت میں منعقد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ مرکزی حکومت کی جانب سے نافذ کردہ سیاہ قانون کے خلاف آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ یہ جلسہ منعقد کررہا ہے۔

○○